D/Press Release (H)48

آزاد جموں و کشمیر انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

پریس ریلیز:

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور کے زیر اہتمام منعقدہ امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ دوم فرسٹ اینول 2024ء کا مورخہ 22-04-2024 مضمون انگریزی پارٹ دوم گروپ دوم (شام) کا پرچہ صبح کے وقت گروپ اول میں امتحانی مرکز گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کوٹلی میں ناظم اور نائب ناظمہ نے سہواً کھول دیا۔ بناء بریں یہ پرچہ منسوخ کر دیا گیا ہے۔ بقیہ تمام پرچہ جات قبل ازیں جاری شدہ ڈیٹ کے مطابق ہی ہوں گے ان میں کسی قسم کا ردو بدل نہیں کیا گیا جبکہ منسوخ کیے گئے پرچے کے انعقاد کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

کنٹرولر امتحانات(کالجز)

نمبر بورڈ/انٹر/ 3369-93 / مورخہ 22-04-2024

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئر مین بورڈ۔
2۔ سیکریٹری صاحب تعلیمی بورڈ میرپور۔
3۔ سسٹم انالسٹ صاحب شعبہ کمپیوٹر بورڈ ہذا۔
4۔ ڈیٹا سپروائزر صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔
5۔ فوکل پرسن صاحب بورڈ۔
6۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت درقومی اخبارات بطور خبر۔
7۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور، تراڑکھل، مظفرآباد/ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میرپور آزاد کشمیر۔
8۔ نمائندہ صاحب پی ٹی وی/نیوز ایجنسی اے۔پی۔پی۔ساجد پلازہ میرپور۔
9۔ نمائندہ صاحب جیو ٹی وی میرپور۔
10۔ معزز نمائندگان روزنامہ جنگ/نوائے وقت/خبریں/اوصاف/محاسب/جموں وکشمیر/جناح/پاکستان/شاہین/روشنک/عدالت/کشمیر ٹائمز میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
11۔ انچارج صاحبان علاقائی دفاتر مظفرآباد/راولاکوٹ۔
12۔ آفس فائل۔

آزاد جموں و کشمیر انٹر میڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

بخدمت:-

جملہ ریذیڈنٹ انسپکٹر صاحبان/ ناظمین صاحبان

امتحانی مراکز

نمبر بورڈ/ انٹر/ 3394-3594 / مورخہ 22-04-2024

عنوان سوالیہ پرچہ جات کے پیکٹ کی تصویر وویڈیو کی بروقت ترسیل/ فراہمی

السلام علیکم!

معاملہ عنوان الصدر میں حسب ہدایت تحریر ہے کہ امتحان انٹر میڈیٹ فرسٹ اینول 2024 کے سوالیہ پرچہ جات کی بنک سے وصولی وکشادگی کے سلسلہ میں بذیل احکامات پر بہر صورت عملدرآمد کیا جائے:-

1- یہ کہ بنک سے سربمہر سوالیہ پرچہ جات کا پیکٹ وصول کرتے ہی سربمہر رکھتے ہوئے تصویر بنائی جائے اورعین اسی وقت متعلقہ اہلکار بورڈ کو واٹس ایپ کی جائے۔

2- یہ کہ امتحانی مرکز میں پہنچتے ہی سربمہر لفافے کھولنے سے قبل ناظم مرکز، نائب ناظم مرکز اور ریذیڈنٹ انسپکٹر تینوں کی موجودگی میں سوالیہ پرچہ جات کے حامل سربمہر پیکٹ کی ویڈیو بنائیں جس میں متذکرہ بالا تینوں شخصیات موجود ہوں اور ثابت ہو کہ پیکٹ سربمہر ہے اور یہ ویڈیو فوری طور پر بورڈ کو واٹس ایپ کی جائے۔ نیز پیپر کھولنے سے قبل ڈیٹ شیٹ اور سوالیہ پرچے کا پیکٹ تینوں شخصیات (ناظم، نائب ناظم اور ریذیڈنٹ انسپکٹر) سوفیصد تسلی کرنے کے بعد کھولیں گے۔ پرچے کو دوتین بار ڈیٹ شیٹ سے ٹیلی کریں۔

3- یہ کہ بنک سے وصولی کے وقت بنائی گئی تصویر، بورڈ کے اہلکار کی طرف سے OK کرنے کے بعد ہی پیکٹ کھولا جائے۔

4- یہ کہ ناظم، نائب ناظم اور ریذیڈنٹ انسپکٹر تینوں کی موجودگی میں ہی سوالیہ پرچہ جات کا پیکٹ کھولا جائے گا۔ نیز بوقت کشادگی تینوں شخصیات کے دستخط ثبت ہوں اور ویڈیو میں تینوں کا موجود ہونا ازبس ضروری ہے۔

والسلام

کنٹرولر امتحانات

(کالجز)